www.KitaboSunnat.com



(۲) مولانا محمد رمضان سلفی (نائب شیخ الحدیث جامعہ لاہور الاسلامیہ)

# محدث العصر شیخ محمد ناصر الدین البانیؒ!

رسول اللہ ﷺ کا فرمان مبارک ہے: إن الله عز وجل يبعث لهذا الأمة على كل مائة سنة من يجدّد لها دينها (سنن ابوداود) "اللہ تعالیٰ ہر صدی میں ایسے شخص کو لاتے ہیں جو اس امت کی اصلاح کے لئے احیاءِ دین کا فریضہ سرانجام دیتا ہے۔

صحابہ کرام اور تابعین عظام کے بعد ایسی شخصیات کی تعداد اگرچہ بے شمار ہے جنہیں اللہ تعالیٰ نے تجدید دین کے لئے عدم سے وجود بخشا، لیکن ہم ایک ایسے مجددِ دین وملت کا ذکر خیر کرنا چاہتے ہیں جن کا تعلق ماضی قریب سے ہے اور جنہیں اسلامی دنیا محدث ناصر الدین البانیؒ کے نام سے بخوبی جانتی ہے۔ راقم آثم کو شیخ موصوف سے لقاء یا سماعت کی سعادت تو حاصل نہیں ہو سکی لیکن ان سے گہری عقیدت کا باعث ان کی تالیفات ہیں جو سینکڑوں کی تعداد میں ہیں اور ہر خاص وعام کے لئے یکساں مفید ہیں، یوں تو انہوں نے متعدد موضوعات پر خامہ فرسائی کی ہے، لیکن ان کا دل پسند موضوع تخریج الاحادیث ودراسۃ الاسانید تھا جس میں انہوں نے اپنی مہارت اور قابلیت کا لوہا منوایا ہے اور فن حدیث کی خدمت میں اس سے پورا فائدہ اٹھایا ہے۔

سنن اربعہ نیز احادیث کے دیگر مجموعے جہاں بہت سی صحیح احادیث پر مشتمل تھے وہاں ان میں بعض ایسی روایات بھی موجود تھیں جو غیر ثابت شدہ اور ضعیف تھیں جن کی معرفت سے بعض اہل علم حضرات بھی ناآشنا تھے، شیخ محمد ناصر الدین البانیؒ کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ انہوں نے تحقیق حدیث کے اس محنت طلب میدان میں قدم رکھا۔ اور دن بدن اس علمی سفر میں ترقی کی منازل طے کرتے چلے گئے اور احادیث کی ان کتابوں کو دو قسموں میں تقسیم کر دیا۔ ایک قسم وہ ہے جس میں انہوں نے صحیح ثابت احادیث کو جمع کر دیا اور دوسری قسم وہ ہے جس میں ضعیف روایات کو درج کر دیا، جس کی وجہ سے طالب حدیث کے لئے ضعیف روایات کا پہچاننا دشوار نہیں رہا۔ اور بایں طور انہوں نے اپنے بعد آنے والوں کے لئے الگ راستہ ہموار کر دیا ہے جس پر چل کر کوئی بھی شخص فن حدیث کی خدمت میں اپنا حصہ ڈال سکتا ہے۔ شیخ موصوف کی اس کاوش میں ان کی کسی رائے سے دلیل کے ساتھ اختلاف کی گنجائش موجود ہے کیونکہ ایک انسان ہونے کی حیثیت سے وہ سہو وخطا سے محفوظ ومامون نہیں ہیں لیکن فنونِ حدیث میں محدث البانیؒ کی مہارت وممارست سے انکار نہیں کیا جا سکتا، اللہ تعالیٰ ان تصنیفات کو مؤلف کے لئے صدقہ جاریہ بنائے، اور اہل علم اسلام کو ان سے بھرپور استفادہ کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین!

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ